پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا
ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای۔میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ ممبئی-400001
فون: 0502 2266 22 91 فیکس: 22660358 22 91

05 مارچ 2020

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) سیکشن 35A کے تحت ہدایات
دی سٹی کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، ممبئی، مہاراشٹر، رقم نکاسی لمٹ میں راحت

دی سٹی کوآپریٹو بینک لمیٹڈ ممبئی، مہاراشٹر کو ریزرو بینک نے اپنے 17 اپریل 2018 کے ڈائریکٹو ڈی سی بی ایس، سی او، بی ایس ڈی، آئی نمبر D-5/12.22.039/2017-18 کے ذریعہ 17 اپریل 2018 کو کام کے اوقات کے بعد سے پابندیوں (ہدایات) کے تحت رکھا تھا۔ ان ہدایات کی ویلیڈٹی کو بعد کے ڈائریکٹو کے ذریعہ وقتاً فوقتاً بڑھایا جاتا رہا۔ پچھلی توسیع 15 اکتوبر 2019 کے ڈائریکٹو ڈی سی بی آر، سی او، اے آئی ڈی نمبر D-27/12.22.039/2019-20 کے ذریعہ نظر ثانی کی شرط کے ساتھ 17 اپریل 2020 تک کیلئے کی گئی تھی۔ دوسری شرائط کے ساتھ ساتھ موجودہ ہدایات کے مطابق ڈپازٹر کو اس کے کسی بھی نام کے کھاتہ سیونگ بینک اکاؤنٹ، کرنٹ اکاؤنٹ یا کوئی دوسرا ڈپازٹ اکاؤنٹ ہو، کے بیلنس میں سے پانچ ہزار روپیہ تک کی رقم نکالنے کی اجازت دی گئی ہے۔

2. ریزرو بینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کی سیکشن 35A کی ذیلی سیکشن (1) اور (2) کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے یہ حکم دیا ہے کہ:

17 اپریل 2018 کا ڈائریکٹو ڈی سی بی ایس، سی او، بی ایس ڈی، آئی نمبر D-5/12.22.039/2017-18 جو سٹی کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، ممبئی، مہاراشٹر کو جاری کیا گیا تھا اور جس میں 12 دسمبر 2018 کے ڈائریکٹو ڈی سی بی آر، سی او، اے آئی ڈی نمبر D-24/12.22.039/2018-19 کے ذریعہ کچھ ترمیمات کی گئی تھیں، کے پیراگراف (i) 1 میں تھوڑی سی ترمیم کی گئی ہے مندرجہ ذیل:

''ڈپازٹر اپنے اس بینک میں کسی بھی نام کے اکاؤنٹ، سیونگ بینک اکاؤنٹ، کرنٹ اکاؤنٹ، ٹرم ڈپازٹ اکاؤنٹ وغیرہ سے اپنے ٹوٹل بیلنس سے دس ہزار روپیہ تک کی رقم (Rs. 10,000/=) کی نکاسی کرسکتا ہے۔ بشرطیکہ اس ڈپازٹر پر بینک کی دینداری نہ ہو۔ نہ وہ باروور ہو اور نہ ہی گارنٹر ہو یا بینک ڈپازٹ کے بدلے کوئی لون لیا ہو۔ ایسی حالت میں سب سے پہلے اس نکاسی کی رقم سے متعلقہ باروول اکاؤنٹ/اکاؤنٹس میں ایڈجسٹ کیا جائے گا۔ 3 مارچ 2020 کی ڈائریکٹو۔

17 اپریل 2018 کے ڈائریکٹو نمبر ڈی سی بی ایس، سی او، بی ایس ڈی، آئی نمبر D-5/12.22.039/2017-18 جس میں وقتاً فوقتاً ترمیمات کی جاتی رہی ہیں کی شرائط میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے، وہ ویسے ہی رہیں گی۔

3. 3 مارچ 2020 کی ڈائریکٹو جس میں مندرجہ بالا ترمیم کی گئی ہے کی ایک کاپی عوام کی جانکاری کیلئے بینک احاطہ میں مظاہرہ کیلئے رکھ دی جائے۔

4. ریزرو بینک آف انڈیا کے ذریعہ کئے گئے مندرجہ بالا ترمیمات کا یہ ہرگز مطلب نہیں ہے کہ ریزرو بینک آف انڈیا اس بینک کی کارگردگی اور اس بینک کی مالیاتی حالت میں سدھار سے مطمئن ہے۔

یوگیش دیال
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 2024/2019-2020